پروفیسر اسلم انصاری

نعت

نعت گویان نبی کیسی ادا رکھتے ہیں؟
روشنی سی سر قرطاس سجا رکھتے ہیں!
کیا اڑے جاتے ہیں بے گرد سفر ماہ و نجوم
سر میں یہ بھی تو مدینے کی ہوا رکھتے ہیں
خاک طیبہ ہے برابر ہیں یہاں تاج و گلیم
کہ جبیں آکے یہاں شاہ و گدا رکھتے ہیں
جن پہ مرقوم نہ ہوں آپ کے اسماء و صفات
ہم وہ اوراق کف دل سے جدا رکھتے ہیں
جن مکانوں میں مہکتے ہیں درودوں کے گلاب
واقعہ یہ ہے کہ جنت کی فضا رکھتے ہیں
ایک پردہ ہے تنوع کا وگرنہ طائر
حمد اور نعت میں سب ایک نوا رکھتے ہیں
شوق پیرایۂ اظہار ہے ورنہ آقا
حرف ہی کتنے ہم آشفتہ نوا رکھتے ہیں؟

ارشادِ رسول صلی اللہ علیہ وسلم ـــ!

اَنَا خَاتَمُ النَّبِیِّیْنَ لَا نَبِیَّ بَعْدِیْ

میں آخری نبی ہوں میرے بعد کوئی نبی نہیں آئے گا۔!